عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للّٰہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائتہ حاضرہ رضی اللہ تعالے عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

حصہ سوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی حبیبہ الرؤف الکریم

سوال ۱: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ قبر کیطرف نماز پڑھنا یا قبر پہ نماز پڑھنا یا قبرستان میں قبروں کے برابر ہو جانے کے بعد مسجد بنانا یا کھیتی کرنا یا پھل وغیرہ کے درخت لگانا کیسا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب: قبر پہ نماز پڑھنا حرام۔ قبر کیطرف نماز پڑھنا حرام اور مسلمان کی قبر پہ قدم رکھنا حرام۔ قبروں پہ مسجد بنانا یا زیارت وغیرہ کرنا حرام۔ ردالمحتار میں حلیہ سے ہے تکرہ الصلاۃ علیہ والیہ لورود النھی عن ذالک فتح القدیر وطحطاوی درد المحتار میں دربارۂ مقابر ہے المرور فی سکۃ حادثۃ فیھا حرام اگر مسجد میں کوئی قبر آجائے تو اس کے چاروں طرف تھوڑی دیوار اگرچہ پاؤ گز ہو قائم کر کے اس پہ چھت بنائیں کہ اب نماز یا پاؤں رکھنا قبر پہ نہ ہوگا بلکہ اس چھت پر جس کے نیچے قبر ہے اور نماز قبر کی طرف نہ ہوگی اسکی دیوار کی طرف اور یہ جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال ۲: ہمارے دینی پیشوا مقتدا کیا فرماتے ہیں کہ آب گرم سے کھٹملوں وغیرہ موذی چیزوں کو مارنا احراق بالنار ہے یا نہیں۔

الجواب: اگر اور طریقۂ دفع آسان ہو تو بہتر ورنہ گرم پانی ڈالنا مضائقہ نہیں رکھتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال ۳: ہمارے دینی پیشوا اور مذہبی مقتدا کیا حکم فرماتے ہیں کہ مدارس اسلامیہ میں کفار سے مدد چاہنا یا ان کی مدد کرنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: کار دینی میں کفار سے مدد چاہنا منع ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں انا لا نستعین بمشرک۔ رہا بے طلب مسلمانان ان کا مدد کرنا اگر اسمیں وہ اپنا احسان سمجھے اور بطور استعلا دے تو لینا جائز نہیں اور اگر نیاز مندانہ بطور خدمت پیش کرے تو احتراز اولیٰ ہے۔ واللہ تعالے اعلم۔